صبح صادق طلوع ہو تو یہ دعا پڑھے

اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنا وَبِكَ أَمْسَيْنا ، وَبِكَ نَحْيا وَبِكَ نَمُوْتُ وَإِلَيْكَ المَصِيْرُ

اے اللہ! ہمیں آپ ہی کی توفیق سے صبح نصیب ہوئی اور آپ ہی کی توفیق سے شام ملی۔آپ ہی کی قدرت سے ہم جیتے ہیں اور آپ ہی کی قدرت سے مریں گے، اور آپ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

ترمذی: ۳۳۹۱

جب سورج طلوع ہو تو یہ دعا پڑھے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَقَالَنَا يَوْمَنَا هَذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوبِنَا

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں معاف فرما کر یہ دن عطا کیا اور ہمیں ہمارے گناہوں کے سبب ہلاک نہیں کیا

الحصن الحصین: ۵۴

شام کے وقت یہ دعا پڑھے

اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنا وَبِكَ أَصْبَحْنا، وَبِكَ نَحْيا وَبِكَ نَمُوْتُ وَإِلَيْكَ النُشُوْر

اے اللہ! ہمیں آپ ہی کی توفیق سے شام نصیب ہوئی اور آپ ہی کی توفیق سے صبح ملی۔ آپ ہی کی قدرت سے ہم جیتے ہیں اور آپ ہی کی قدرت سے مریں گے، اور آپ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

ترمذی: ۳۳۹

صبح اور شام کی خاص دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اللہ کے نام سے (میں صبح یا شام اسی کی پناہ میں آتا ہوں)، اس کے نام سے زمین و آسمان میں کوئی چیز بھی نقصان نہیں دیتی، اور وہ خوب سننے والا اور جاننے والا

ترمذی: ۳۳۹۸

سوتے وقت کی دعا

اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا

یااللہ میں تیرے نام پر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

بخاری: ۳۳۹۸

اور سوتے وقت یہ بھی پڑھے،

سبحان اللہ - ۳۳ بار،

الحمدللہ - ۳۳ بار

اللہ اکبر — ۳۴ بار

بخاری: ۲۳۱۸

سوتے کے اٹھتے وقت کی دعا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی طرف لوٹنا ہے

بخاری: ۶۳۱۴

بیت الخلا جائے تو داخل ہونے سے پہلے بسم اللہ کہے اور یہ دعا پڑھے

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ عزوجل میں ناپاک شیاطین سے تیری پناہ مانگتا ہوں

بخاری: ۱۴۲، ۶۳۲۲

بیت الخلاج سے نکلتے وقت کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذَى وَعَافَانِي

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھ سے اذیت دور کی اور مجھے عافیت دی

ابن ماجہ: ۳۰۱

وضو سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

ابوداود: ۱۰۱

وضو کے بعد کی دعا

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَ رَسُوْلُه

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ ، وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے۔ اسکا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہی۔ اے اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں اور بہت پاک رہنے والوں میں شامل کر لیجئے۔

ترمذی: ۵۵

مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسلم: ۷۱۳

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ دعا

سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ للّٰهِ، وَلَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَر

پاک ہے اللہ، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

مسجد سے نکلتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

اے اللہ! میں آپ سے آپ ہی کے فضل کا طالب ہوں۔

مسلم: ۷۱۳

جب اذان کی آواز سنے

جو کلمات مؤذن کہتا ہے وہی کلمات کہے اور حی علی الصلاۃ حی علی الفلاح کے جواب میں

لا حَوْلَ وَلا قُوَّةَ إِلا بِاللهِ

مسلم: ۳۸۳

اذان ختم ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَاد

یااللہ! اس کامل اعلان اور قائم ہونے والی نماز کے مالک، محمد ﷺ کو مقامِ وسیلہ عطا فرما اور ان کی فضیلت میں اضافہ فرما اور ان کو مقامِ محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ بے شک آپ وعدہ خلافی نہیں فرماتے۔

بخاری: ۶۱۴

فرض نماز کا سلام پھیر کر سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ
اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَ الْحَزَنَ

اللہ کے نام سے (میں نے نماز مکمل کی) جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور رحمٰن ورحیم ہے۔اے اللہ! مجھ سے فکر اور غم کو دور فرما دیجئے۔

الحصین الحصن: ۸۴

فرض نماز کا سلام پھیر تین بار اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ کہے اور یہ دعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ
یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں (تین مرتبہ کہے) اے اللہ! تو سلامت رہنے والا ہے اور
تجھ سے ہی سلامتی مل سکتی ہے، تو بابرکت ہے اے بزرگی اور عظمت والے!

ترمذی: ۳۰۰

وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ دعا

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْس

پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ کی جو بہت پاک رہنے والا ہے

ابوداود: ۱۴۳۰ چ

نماز فجر اور مغرب کے بعد کی دعا

اللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ

اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرمادیجئے

ابوداود:۵۰۷۹

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

للہ کے نام سے (گھر سے نکلتا ہوں) میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اللہ عزوجل کے سوا کوئی نہ
طاقت اور نہ قوت دے سکتا ہے

ترمذی: ۳۴۲۶

گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَالۡمَوۡلَجِ وَخَیۡرَالۡمَخۡرَجِ بِسۡمِ اللّٰہِ وَلَجۡنا وَ بِسۡمِ اللّٰہِ خَرَجۡنا وَ عَلَی اللّٰہِ رَبِّنا تَوَکَّلۡنا

اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے داخل ہونے اور نکلنے کی جگہوں کی بھلائی طلب کرتا ہوں اللہ کے نام سے ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام سے ہی ہم نکلے اور اللہ ہی پر جو ہمارا پروردگار ہے ہمارا بھروسہ ہے۔

مرقاۃ: ۵/۹، ۲۹۸